www.jang.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت، پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ
ABC CERTIFIED
LOCAL EDITION SATURDAY NOVEMBER 09, 2024
THE DAILY JANG RAWALPINDI
روزنامہ جنگ راولپنڈی
بانی..... میر خلیل الرحمٰن
جلد 66
ہفتہ 6 جمادی الاول 1446ھ 9 نومبر 2024ء 26 کاتک 2081ب
نمبر 308
صفحات 10 قیمت 30 روپے

انٹرپول ٹیم کا دورہ، بچوں کیخلاف سائبر کرائمز روکنے پر بریفنگ

کمشنر شکایات اطفال کے دفتر نے سائبر کرائمز کے معاملے کو بھرپور طریقے سے آگے بڑھایا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) بچوں کے جرائم کیخلاف انٹرپول کی ٹیم نے کرمنل انٹیلی جنس آفیسر گیبریلا جاویرا چمورو کونچا (Ms.Gabriela Javera Chamorro Concha) کی سربراہی میں گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کا دورہ کیا، جہاں انہیں بچوں کے شکایات کمشنر محمد اشفاق احمد نے بچوں کے خلاف سائبر کرائمز کو روکنے اور

باقی صفحہ 5 نمبر 33

بقیہ 33 — انٹرپول ٹیم

خاص طور پر بچوں کی بہتری کیلئے کوششوں کے بارے میں جامع بریفنگ دی۔ بچوں کے کمشنر نے ٹیم کو بریفنگ کے دوران بتایا کہ کمشنر شکایات برائے اطفال کے دفتر نے مختلف سطحوں پر بچوں کے خلاف سائبر کرائمز کے معاملے کو بھرپور طریقے سے آگے بڑھایا ہے اور مداخلت کے لیے کچھ اہم شعبوں کی نشاندہی کی ہے جیسے عوامی بیداری اور میڈیا میں حساسیت پیدا کرنا نیز قانونی اصلاحات کے لئے وکالت اور صلاحیت کی تعمیر۔ ٹیم کو مزید بتایا گیا کہ متعلقہ سٹیک ہولڈرز کے ساتھ فعال رابطوں کے ذریعے بچوں کے حقوق کے بارے آگاہی میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے۔ ٹیم کو اس حوالے سے "زینب الرٹ اور رسپانس اینڈ ریکوری ایکٹ 2020ء" سے بھی آگاہ کیا گیا۔ ٹیم نے باہمی رابطے کو فروغ دینے اور تجربات کے زیادہ سے زیادہ اشتراک کی ضرورت پر زور دیا۔

روزنامہ دنیا اسلام آباد، ہفتہ، 9 نومبر 2024ء

ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود
روزنامہ
دنیا
اسلام آباد

بچوں کیخلاف جرائم، انٹرپول ٹیم کا دورہ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ

شکایات کمشنر نے بچوں کیخلاف سائبر کرائمز روکنے کیلئے اقدامات سے آگاہ کیا

اسلام آباد (نامہ نگار) بچوں کے خلاف جرائم کے حوالے سے انٹرپول کی ٹیم نے کرمنل انٹیلی جنس آفیسر گیبریلا جاویرا چھورو کونچا کی سربراہی میں گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کا دورہ کیا جہاں انہیں بچوں کے شکایات کمشنر محمد اشفاق احمد نے بچوں کے خلاف سائبر کرائمز کو روکنے کے حوالے سے اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہ کیا، انہوں نے ٹیم کو بتایا کہ کمشنر شکایات برائے اطفال کے دفتر نے مختلف سطحوں پر بچوں کے خلاف سائبر کرائمز کے معاملے کو بھرپور طریقے سے آگے بڑھایا ہے، عوامی خدمات کے پیغامات پیمرا، پی ٹی وی، پی بی سی، پی ٹی اے اور سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلائے جا رہے ہیں۔ ٹیم کو اس حوالے سے زینب الرٹ اور رسپانس اینڈ ریکوری ایکٹ 2020 سے بھی آگاہ کیا گیا۔